9

گاندھی جی کی پنسل

ایک دن کاکا کالیلکر گاندھی جی سے ملنے ان کے گھر پہنچے۔ اس وقت گاندھی جی اپنی میز پر اِدھر اُدھر کچھ تلاش کر رہے تھے۔

کاکا کالیلکر نے پوچھا، ”باپو! آپ کیا تلاش کر رہے ہیں؟ مجھے بتائیے۔ میں بھی آپ کی کچھ مدد کروں۔“

گاندھی جی نے کہا، ”ایک پنسل گُم ہوگئی ہے، اسی کو تلاش کر رہا ہوں۔ کچھ دیر پہلے تو تھی، پتا نہیں کہاں رکھ کر بھول گیا۔“



© NCERT not to be republished



کاکا کالیلکر نے
فوراً اپنی جیب سے ایک
پنسل نکالی اور گاندھی جی
کو دیتے ہوئے کہا، ”یہ
لیجیے پنسل۔“

گاندھی جی نے
کہا، ”نہیں کاکا، مجھے وہی
پنسل چاہیے۔“

کاکا کالیلکر نے
کہا، ”ابھی تو آپ اس
پنسل سے کام کر لیجیے۔
اسے بعد میں تلاش
کر لیں گے۔“

گاندھی جی نے کہا، ”نہیں نہیں، کاکا! جب تک وہ پنسل نہیں ملے گی، مجھے چین نہیں ملے گا۔“

کاکا کالیلکر نے پوچھا، ”اس پنسل میں ایسی کیا خاص بات ہے جو اس کے لیے آپ اتنے پریشان ہو رہے ہیں؟ اگر وہ نہیں ملی تو کیا بگڑ جائے گا؟“

گاندھی جی نے جواب دیا، ”کاکا! آپ نہیں جانتے۔ وہ پنسل میرے لیے

© NCERT not to be republished

بہت قیمتی ہے۔اس کے ساتھ ایک چھوٹے سے لڑکے کے جذبات جڑے ہوئے ہیں۔ میں اسے تلاش کر کے ہی دم لوں گا۔''

کاکا کالیلکر نے تجسّس سے پوچھا، ''وہ لڑکا کون ہے؟ مجھے بھی بتایئے۔''

گاندھی جی نے کہا، ''مدراس والے نریشن کا چار پانچ سال کا بچّہ۔ اس نے بہت پیار سے مجھے وہ پنسل دی تھی اور مجھ سے عہد لیا تھا کہ میں اسے غائب نہیں کروں گا۔ تب سے آج تک میں نے اسے سنبھال کر رکھا تھا۔''

گاندھی جی کی پریشانی کو سمجھ کر کاکا کالیلکر بھی پنسل کو تلاش کرنے لگے۔ بعد میں وہ پنسل ایک فائل کے بیچ میں دبی ہوئی ملی۔پنسل پا کر گاندھی جی ایسے خوش ہوئے جیسے انھیں کوئی انمول خزانہ مل گیا ہو۔

مشق



پڑھیے اور سمجھیے

قیمتی	مہنگی
دم لینا	ٹھہرنا، باز رہنا
تجسّس	جاننے کی خواہش
عہد	وعدہ، قسم
انمول	جس کا مول نہ ہو، قیمتی
خزانہ	مال، دولت

© NCERT not to be republished

سوچیے اور بتائیے

1. گاندھی جی کی پریشانی کی کیا وجہ تھی؟
2. گاندھی جی نے کاکا کالیلکر کی پنسل کیوں نہیں لی؟
3. کاکا کالیلکر نے تجسّس سے کیا پوچھا؟
4. لڑکے نے گاندھی جی سے کیا عہد لیا تھا؟
5. گاندھی جی کے لیے پنسل انمول کیوں تھی؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے

پیار	دم	مدد	قیمتی	تلاش

1. میں بھی آپ کی کچھ .... کروں۔
2. وہ پنسل میرے لیے بہت .... ہے۔
3. میں اسے تلاش کر کے ہی .... لوں گا۔
4. اس نے بہت .... سے مجھے وہ پنسل دی تھی۔
5. کاکا کالیلکر بھی پنسل کو .... کرنے لگے۔

دی ہوئی چیزوں کے نام لکھیے

....

....


....

....

© NCERT not to be republished

اساتذہ کے لیے ہدایات:

- اساتذہ گاندھی جی کے بارے میں بچّوں کو بتائیں۔
- مہاتما گاندھی پر مبنی کچھ آڈیو/ویڈیو پروگرام بھی دکھا کر بات چیت کریں۔

'اَن' اور 'مول' سے مل کر لفظ 'انمول' بنا ہے۔ اسی طرح آپ بھی دیے ہوئے لفظوں سے پہلے 'اَن' لگا کر نئے لفظ لکھیے

1. .... + ... پڑھ = ...

2. .... + ... جان = ...

3. .... + ... دیکھا = ...

4. .... + ... ہونی = ...

5. .... + ... کہی = ...

حصّہ 'الف' اور حصّہ 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے

(الف)	(ب)
چھوٹے	سوال
مہنگی	عام
غائب	بڑے
آج	سستی
جواب	حاضر
خاص	کل

© NCERT not to be republished

گاندھی جی کی تصویر بنائیے اور رنگ بھریے



© NCERT not to be republished